contd Aya 8:

انکی اطاعت کرنی ہے عبادت ہی۔

[یہ آیت سعد بن ابی وقاص کے بارے میں نازل ہوئی]۔

اب آگے کی آیات میں حضرت نوح اور حضرت ابراھیم علیہ سلام کے حالات بیان کیے گئے۔ اور انکا مقصد کیا ہوتا ہے کہ اہل ایمان یہ جان لیں کہ پچھلی قوموں کو بھی سخت آزمائشوں سے گزارا اور وہ ثابت قدم رہے اور کفار بھی دیکھ لیں کہ انکا مکر چلنے والا نہی۔

آیت 14 : 15 : حضرت نوح علیہ سلام نے ساڑھے نو سو سال لوگوں کو دین کی دعوت دی اور لوگ نہ مانے اور نتیجہ کیا نکلا؟

جواب: انکو کشتی میں سوار ہونے کی اجازت ملی وہ بچ گئے باقی سب ڈوب گئے۔ اور اسکو تمام جہان والوں کے لیے عبرت کا نشان بنا دیا۔

LESSON 198.

آیت 16 : حضرت ابراھیم کا ذکر شروع ہوا۔ انہوں نے کن دو باتوں سے قوم کو دعوت دی؟

جواب: اللہ کی عبادت اور تقویٰ۔ اللہ کا ڈر ہی اللہ سے قریب کرتا ہے۔ اور تقویٰ کیا ہے؟ کہ اللہ کی موجودگی کا احساس ہو۔ اسکی ناراضگی کا ڈر اور اسکی محبت شامل ہو۔ جواب دہی کا احساس۔

آیت 17 : حضرت ابراھیم علیہ سلام کی قوم کن دو چیزوں میں ملوث تھی؟

جواب: بتوں کی پرستش کرتے تھے اور آخرت کا انکار

آیت 23 : اس میں دیکھیے کون لوگ اللہ کی رحمت سے مایوس ہو جاتے ہیں؟

جواب: آیات کا انکار کرنے والے اور آخرت کو نہ ماننے والے / یعنی اللہ کی ملاقات

آیت 24: حضرت ابراھیم کی توحید کی دعوت اور آخرت سے ڈرانا جب قوم نے ماننے سے انکار کر دیا تو کیا کیا انکے ساتھ؟ آگ میں ڈالے گئے۔ اور اللہ تعالیٰ نے اس آگ کو کیا حکم دیا کہ انکے لیے ٹھنڈی ہو جائے۔ تو یہاں سے کیا پتہ چل رہا ہے؟

جواب: کہ اللہ ہر چیز پہ قادر ہے۔ سچے ایمان والوں اور مخلص لوگوں کی اللہ تعالیٰ